© rasailojaraid.com



تعلیم آدمؑ، آدمؑ کے لیے حکم سجدہ، آدمؑ کی رہایش جنت اور ہبوطِ آدمؑ کے ذکر کے بعد شیطان کی حیثیت، کردار اور فریب کاریوں اور چالوں کا تذکرہ ہے۔ آخر میں شیطان سے حفاظت کی تدابیر بتائی گئی ہیں۔ عمومی انداز میں شیطان کے کردار کو بیان کر کے اس سے محفوظ اور ہوشیار رہنے کا جذبہ بیدار کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔]

⊙ **محمد منصور الزمان صدیقی** (تذکرہ وسوانح اور آثار وافکار)، تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد، ضلع نوشہرہ۔ صفحات: ۳۶۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [محمد منصور الزمان صدیقی، صدیقی ٹرسٹ کراچی کے بانی وصدرنشین ہیں جو دعوت واشاعت دین اور خدمت خلق کے حوالے سے ایک معروف اور قدیم ٹرسٹ ہے۔ زیرتبصرہ کتاب صدیقی صاحب کے احوال وسوانح اور ان کی تبلیغی و دعوتی اور خدمتِ خلق کے حوالے سے جدوجہد پر مبنی ایمان افروز تذکرہ ہے۔ صدیقی ٹرسٹ کے تحت پاکستان سمیت دنیا بھر میں کروڑوں روپے کے اثاثوں سے مساجد ومدارس کا قیام، مختلف زبانوں میں دعوتی وتدریسی کتب کی ترسیل، طبی اور رفاہی خدمات کا سلسلہ جاری ہے۔ نام ونمود، شہرت اور پبلسٹی سے بے نیاز منصور الزمان صدیقی کی خدمات اور صدیقی ٹرسٹ اس بات کا ثبوت ہے کہ محدود وسائل اور اخلاص سے کیا جانے والا کام برگ وبار لاکر رہتا ہے۔]

⊙ **رہنماے تجوید**، مرتب: قاری محمد سعید الدین محمد شرف الدین۔ ملنے کا پتا: شفیق پرنٹنگ پریس، اُردو بازار کراچی۔ فون: ۰۳۲۱-۲۰۳۷۷۱۲۔ صفحات: ۱۲۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [قرآن کریم کی درست تلاوت اور علم التجوید سے آگاہی ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیث مطہرہ میں قرآن کریم کو اپنی آوازوں سے مزین کرنے اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کا حکم دیا۔ کتاب میں علم التجوید کے تعارف کے بعد حروف کے مخارج اور صفات حروف کا ذکر کیا گیا ہے اور وقف وابتدا اور مدوقصر کے احکام بھی بیان کیے گئے ہیں، نیز تلاوت کی خوبیاں اور عیوب بتائے گئے ہیں۔ آخر میں قرآن کریم کے سات حروف اور قراءتوں کے حوالے سے مفتی محمد شفیعؒ کی تحریر شاملِ اشاعت ہے۔ بحیثیت مجموعی مبتدی طلبہ وطالبات کے لیے مفید کتاب ہے۔ مخارج کی وضاحت کے لیے تصاویر (diagrams) بھی دی گئی ہیں۔]

⊙ **صحیح خطباتِ رسولؐ**، الشیخ ابراہیم ابوشادی، مترجم: ابوانس محمد سرور گوہر۔ ناشر: دارالکتب السّلفیہ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت: درج نہیں۔ [زیرنظر مجموعے میں صحیح احادیث سے سیرت النبیؐ کا ایسا مرقع تیار کیا گیا ہے کہ ان کی روشنی میں روزمرہ کے تقریباً سبھی معمولات اسوۂ نبویؐ کے مطابق سرانجام دیے جاسکتے ہیں۔ جن احادیث میں یہ وضاحت تھی کہ حضور اکرمؐ کا یہ کلام خطبہ تھا، صرف انھی احادیث کو مختلف عنوانات کے تحت جمع کیا گیا ہے۔ چند ایک عنوان یہ ہیں: تمھارا رب ایک ہے، رسولؐ اللہ اپنے صحابہؓ کو نماز کی تعلیم فرماتے، ہلکی نماز پڑھانے کا حکم، زکوٰۃ اور صدقات، روزہ، حج، جنائز، جہاد، قرآن کریم اور اس سے وابستگی، فتح مکہ کے دن کا خطبہ۔ زیرنظر کتاب عربی سے اُردو میں ترجمہ ہے۔ ترجمہ عام فہم اور رواں ہے۔]

© rasailojaraid.com